11361 ـ کیا کفن دفن کے اخراجات کی ادائیگی کے لیے انشورنس جائز ہے

سوال

ہم لندن میں بہت چھوٹی سے اسلامی کیمونٹی ہیں، ہمارے آخری اجلاس میں ہمارے نمائندے نے یہ بتایا کہ کفن دفن کے اخراجات بہت زیادہ بڑھ چکے ہیں، اور اس بات کا احتمال بہت زیادہ ہے کہ میت کا خاندان یا کوئی شخص انفرادی طور پر یہ اخراجات برداشت نہیں کر سکتا، اس طرح کی حالت میں ہمیں کفن دفن کے اخراجات پورے کرنے کے لیے انشورنس میں حصہ لینا چاہیے، میری گزارش ہے کہ جلد از جلد اس کا حکم واضح کیا جائے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

انشورنش کسی مجھول کام کے عوض میں کچھ محدود رقم ادا کرنے کا نام ہے، یہ جہالت اور دھوکہ وفراڈ کی بنا پر جائز نہیں، لیکن مسلمان ایك دوسرے کا تعاون کریں اور ان میں سے مالدار شخص کسی دوسرے شخص کو ضرورتمند اور محتاج ہو اور اس طرح اعمال میں ادائیگی نہ کرسکتے ہو ان کے لیے فنڈ دے، تو اس طرح کے کام نیکی و بھلائی میں ایك دوسرے کا تعاون شمار ہوتے ہیں، جس کا شرعا حکم بھی دیا گیا ہے.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

اور تم نیکی و بھلائی کے کاموں میں ایك دوسرے کا تعاون کرتے رہا کرو، اور برائی و معصیت اور ظلم میں ایك دوسرے کا تعاون مت کرو

یہ علم میں رکھیں کہ جب انسان کو انشورنس پر مجبور کیا جائے اور وہ بغیر اختیار کے ادائیگی کرنے پر مجبور ہو تو اس وقت اس پر کوئی گناہ نہیں ہو گا .